عقیقہ کے احکامات

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(1) عقیقہ نومولود کی طرف سے ذبح کیے جانے والے جانور کا نام ہے۔

(2) عقیقہ واجب ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ اپنے عقیقہ کے ساتھ گروی ہے، ساتویں دن اس کی طرف سے (عقیقہ) ذبح کیا جائے، اس کا سر منڈایا جائے اور اس کا نام رکھا جائے۔ (بخاری:5472)

(3) رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ لڑکے کی طرف سے دو اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری عقیقہ کریں۔ سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے، وہ بیان کرتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری عقیقہ کریں۔ (بخاری:1513)

(4) عقیقہ کی جگہ رقم صدقہ کرنے سے عقیقہ نہیں ہوگا۔

(5) عقیقہ کے جانور ذبح کرنے کی بجائے اتنی مقدار کا گوشت تقسیم کرنے سے عقیقہ کا فرض ادا نہیں ہوتا۔

(6) عقیقہ کے جانور بھیڑ اور بکری ہیں۔ اونٹ اور گائے کا عقیقہ نبی ﷺ سے ثابت نہیں۔

(7) عقیقہ کے جانور کے لیے بھی احتیاطاً وہی شرائط ملحوظ رکھنی چاہئیں جو قربانی میں رکھی جاتی ہیں۔

(8) عقیقہ کا مستحب وقت نومولود کی پیدائش کا ساتواں دن ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ اپنے عقیقہ کے ساتھ گروی ہے، ساتویں دن اس کی طرف سے (عقیقہ) ذبح کیا جائے، اس کا سر منڈایا جائے اور اس کا نام رکھا جائے۔ (بخاری:5472)

(9) ساتویں دن سے پہلے نومولود فوت ہو جائے تو عقیقہ نہیں ہوگا۔

(10) جو شخص عقیقہ کرنے کی طاقت نہ رکھے اس کے مال دار رشتے دار فرض کی ادائیگی کے لیے تعاون کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی راستہ نہ نکلے تو وہ معذور ہے۔

(11) کیا آدمی اپنا عقیقہ خود کر سکتا ہے؟ جس شخص کی جانب سے عقیقہ نہ کیا گیا ہو وہ بلوغت کے بعد اپنا عقیقہ خود کر سکتا ہے۔

(12) عقیقہ کا گوشت خود بھی کھائیں، رشتے داروں کو کھلائیں اور مساکین پر صدقہ کریں۔

(13) عقیقے کے سری پائے کا حکم گوشت کی طرح ہے۔

(14) عقیقے کے جانور کی ہڈیاں توڑنا مکروہ فعل نہیں ہے

(15) عقیقے کے موقع پر مہندی، چراغاں اور میوزک خلاف شریعت ہے۔

(16) عقیقے کے لیے نبی ﷺ کی سنت پر عمل کرنا چاہئے۔

Al-Noor Welfare Foundation

LAHORE:
102-H, Gulberg III, Lahore.
Tel: +92 336 4033024, +92 42 35851301

FAISALABAD:
121-A Faisal Town, West Canal Road, Faisalabad.
Tel: +92 336 4033050, +92 41 8759191-92

KARACHI:
Ground Floor, Karachi Beach Residency,
Near Bilawal House, Clifton Black 2, Karachi.
Tel: +92 336 4033034, +92 21-35292341-42

www.alnoorpk.com
sales@alnoorpk.com
Nighat Hashmi
Alnoor International
Nighat Hashmi
+92 336 4033042